24-08-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یوکرین تنازعہ شروع ہونے کے بعد سے ہی ، بھارت ہمیشہ امن کا حامی رہا ہے۔ وہ دونوں ملکوں کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپس آگئے ہیں۔

☆ مرکزی وزیر رکشا **Khadse** کاٹھمانڈو پہنچ گئی ہیں، جہاں وہ بس حادثے میں ہلاک ہوجانے والوں اور زندہ بچ جانے والوں کی واپسی کی نگرانی کا کام انجام دیں گی۔

☆ چنئی سے بھارت کا پہلا **Hybrid** راکٹ **RHUMI-1** داغا گیا ہے، جسے پھر سے استعمال کیا جاسکے گا۔

☆ امریکہ نے ، بھارت کو پانچ کروڑ **20** لاکھ ڈالر سے زیادہ مالیت کے آبدوز شکن جدید ہتھیاروں کی فروخت کی منظوری دی ہے۔

☆ بھارت کے نامور کرکٹ کھلاڑی شِکھر دَھون نے اندرونِ ملک اور بین الاقوامی کرکٹ سے سبکدوش ہونے کا اعلان کیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

**REV PM UKRAINE VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یوکرین تنازعہ شروع ہونے کے بعد سے ہی ، بھارت ہمیشہ امن کا حامی رہا ہے۔ وہ دونوں ملکوں کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپس آگئے ہیں۔

اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم مودی نے یوکرین کے صدر **Volodymyr Zelenskyy** کے ساتھ
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Kyiv** میں وفدوں کی سطح کی بات چیت کی۔ میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نے پُرزور طریقے پر کہا کہ یوکرین اور روس کو وقت ضائع کئے بغیر مل بیٹھ کر موجودہ لڑائی ختم کرنے کے طور طریقے تلاش کرنے چاہئیں۔ جناب مودی نے کہا کہ فروری **2022** میں دونوں ملکوں کے درمیان یہ تنازعہ شروع ہوا تھا اور بھارت تبھی سے امن کا حامی رہا ہے۔

اس دورے کے دوران، مختلف شعبوں میں باہمی رشتوں کو مستحکم کرنے کی غرض سے چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے، جن میں زراعت، ثقافتی تبادلے اور دواؤں کے کنٹرول سے متعلق معیارات بھی شامل ہیں۔

اِس سے پہلے پولینڈ کے دورے میں وزیر اعظم نریندر مودی نے وارسا میں پولینڈ کے وزیر اعظم **Donald Tusk** سے گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں نے تعلقات کو بڑھا کر کلیدی شراکت داری تک پہنچانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے باہمی، علاقائی اور بین الاقوامی تعاون کے عزم کا اظہار کیا اور دونوں ملکوں کے درمیان خوشحالی ، استحکام اور ایک پائیدار عالمی نظام کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ **x**

## RAJNATH US DEFENCE

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت صلاحیت سازی اور جدید ٹکنالوجی اور صنعتی شراکتداری کے لئے دفاع کے تمام شعبوں میں امریکہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہشمند ہے۔کل واشنگٹن ڈی سی میں بھارت امریکہ اسٹریٹجک شراکتداری فورم کے ذریعہ منعقد کی گئی ایک گول میز میٹنگ میں امریکہ کی دفاعی صنعت کے سینئر لیڈروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے یہ بات کہی۔ جناب سنگھ نے اس بات پربھی زوردیا کہ بھارت امریکہ کی سرمایہ کاری اور ٹکنالوجی میں تعاون کو خوش آمدید کہتا ہے اور بھارت میں ماہر انسانی وسائل کا بیس تیار ہے۔ بھارت میں ایف ڈی آئی اورتجارت کے لئے سازگار ماحول تیارہے اور بھارت میں بڑے پیانے پر گھریلو مارکیٹ موجود ہے۔

گول میز میں امریکہ کی دفاعی اور ٹکنالوجی کمپنیوں کے بڑے لیڈروں نے شرکت کی۔ وزیردفاع نے واشنگٹن ڈی سی میں امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر **Jake Sullivan** سے بھی ملاقات کی۔ دونوں لیڈروں نے تازہ سیاسی حالات اور علاقائی سکیورٹی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بھارت اور امریکہ کے درمیان دفاعی صنعت میں جاری تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا اور دونوں ملک جن صنعتوں میں مزید تعاون کرسکتے ہیں اس پر بھی تبادلہ خیال کیا۔xx

## US - INDIA ANTI SUBMARINE

امریکہ کے وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے آبدوز شکن ہتھیاروں کی فوجی امکانی خارجی فروخت کی منظوری دے دی ہے۔ اِن میں **MH-60R Seahawk** ہیلی کاپٹر کثیر مقصدی مشن بھی شامل ہے۔ تقریباً پانچ کروڑ **28** لاکھ امریکی

ڈالر کے ہتھیار فروخت کئے جانے کا منصوبہ ہے۔ امریکہ کی سکیورٹی تعاون سے متعلق ایجنسی نے اِس سلسلے میں کُل مطلوبہ سَرٹیفکیٹ جاری کردیا۔ بائیڈن انتظامیہ کی طرف سے جاری کئے گئے ایک نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اِس سمجھوتے سے واشنگٹن کی خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے مقاصد کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ اِس کے علاوہ، اہم دفاعی شراکت دار بھارت کے ساتھ باہمی کلیدی نوعیت کے رشتے مستحکم ہوں گے اور سکیورٹی میں بہتری آئے گی۔

اِس نوٹیفکیشن میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ بھارت ، جنوب ایشیا اور بھارت - بحرالکاہل خطے کے سیاسی استحکام ، امن اور اقتصادی ترقی میں بدستور ایک اہم سیاسی قوت بنا رہے گا۔ x

## CHENNAI - RHUM1 LAUNCHED

بھارت کا پہلا پھر سے استعمال کے لائق ہائبرڈ راکٹ RHUMI-1 چنئی سے داغا گیا۔ اسپس زون انڈیا نے Martin گروپ کے ساتھ مل کر اسے تیار کیا ہے۔ ایک متحرک Trajectory کا استعمال کرکے اسے داغا گیا۔ پچاس PICO سیٹلائٹ اور تین کیوب سیٹلائٹ کے ساتھ اسے داغا گیا۔ 35 کلومیٹر کی اونچائی پر پہنچ کر ، اس راکٹ نے کچھ ہی سیکنڈز میں کئی تجربات کئے اور زمین پر واپس آگیا۔ ISRO کے خلائی مرکز کے سابق ڈائریکٹر Mayil Swamy Annadurai نے کہاکہ اس راکٹ میں ٹھوس اور رقیق دونوں طرح کے ایندھن کا استعمال کیا گیا تھا۔ x

## SCINDIA TELICOME

مواصلات کے وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے ٹیلی کام خدمات مہیا کرانے والی کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے سبھی اقدامات کریں کہ شہریوں کو اچھی ٹیلی کام خدمات مل سکیں۔ ٹیلی کام خدمات مہیا کرانے والی کمپنیوں کی حال ہی میں تشکیل دی گئی ایک نئی ایڈوائزی کمیٹی کے ساتھ جناب سندھیا نے کل نئی دلی میں دوسری میٹنگ میں شرکت کی۔ بھارت کے ٹیلی مواصلات ایکوسسٹم کے مستقبل کے خدوخال میں اضافہ کرنے کی غرض سے متعلقہ کمپنیوں کے درمیان تال میل پیدا کرنا اس کمیٹی کا اہم مقصد ہے۔ جناب سندھیا نے ٹیلی مواصلات خدمات کے معیار اور بھارت کے 6G وژن کے لئے ریسرچ اور ڈیولپمنٹ کو فروغ دینے کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا تاکہ اس شعبے کو نئی بلندیوں تک لے جایا جاسکے۔

میٹنگ کے دوران ٹیلی کام کمپنیوں نے سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے مدد گار پالیسی بنانے کی خواہش کا اظہارکیا۔xx

## KHADSE - NEPAL ROAD ACCIDENT

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی مرکزی وزیر مملکت رکشا Khadse نیپال کی راجدھانی کاٹھمنڈو پہنچ گئی ہیں، جہاں وہ نیپال کے ضلع Tanahun میں ہوئے ایک سڑک حادثے کے متاثرین کو واپس لانے کے کام کی نگرانی کریں گی۔ کاٹھمانڈو میں بھارتی سفارت خانے کے مطابق، اس حادثے میں 27 بھارتی افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، محترمہ Khadse نے کہا کہ انہوں نے کاٹھمانڈو کے تری بُھووَن بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بھارتی سفیر نوین سری واستو اور نیپال کی وزارت خارجہ کے جوائنٹ سکریٹری Brighu-Dhungana کے ساتھ بچاؤ کارروائی اور مزید اقدامات کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا ہے۔

مہاراشٹر سرکار کی درخواست پر، بھارتی فضائیہ کا ایک طیارہ اس بس حادثے میں ہلاک ہوئے ریاست کے عقیدتمندوں کے جسد خاکی کو لے کر آئے گا۔

محترمہ Khadse نے تری بُھووَن یونیورسٹی ٹیچنگ اسپتال جاکر حادثے میں زخمی ہوئے افراد کی خیریت دریافت کی۔ کاٹھمانڈو میں بھارتی سفارت خانہ ، زخمیوں کے علاج اور مہلوکین کے جسدِ خاکی کو جلد از جلد بھارت لانے کے سلسلے میں مقامی حکام اور اسپتال کے عملے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔ x

## ASSAM DHINGIN INCIDENT

آسام میں ایک نابالغ لڑکی کی آبروریزی کے خاص ملزم کی آج صبح سویرے Dhing میں موت ہوگئی۔ آج صبح سویرے جب پولیس مجرم کو جرم کی جگہ لے جاکر ، جرم کے بارے میں تفصیلات حاصل کررہی تھی کہ اس دوران یہ حادثہ ہوا۔ ملزم تفضّل اسلام، جسے پولیس نے گرفتار کیا تھا، پولیس کی گرفت سے بھاگ نکلا اور ایک تالاب میں چھلانگ لگادی جس کے سبب اس کی موت واقع ہوگئی۔ پولیس نے بعد میں SDRF کی ایک ٹیم کی مدد سے اس کی لاش برآمد کی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ Dhing کے مقام پر ہوئے اس وحشیانہ جرم میں مبینہ طور پر تین افراد ملوث تھے ، جس کے بعد پوری ریاست میں زبردست احتجاجی مظاہرے ہوئے تھے۔

وزیراعلیٰ ہیمنتا بسواس سرمانے عوام کو یقین دلایا ہے کہ اس جرم میں ملوث افراد کو بخشا نہیں جائے گا۔xx

## DHAWAN RETIREMENT

کرکٹ کھلاڑی شیکھر دھون نے اپنے سوشل میڈیا ہینڈل پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے بین الاقوامی اور گھریلو کرکٹ کے سبھی تینوں Formats سے ریٹائرمینٹ کا اعلان کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دھون نے کہا کہ ان کے ساتھ بے شمار یادیں رہیں گی۔ انھوں نے اپنے سبھی

چاہنے والوں کے پیار اور تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا۔ بائیں ہاتھ کے بلے باز شکھر دھون نے بھارت کے لئے 37 ٹیسٹ میچ،167 ایک روزہ بین الاقوامی میچ اور 68 ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلے۔ ایک روزہ بین الاقوامی ٹورنامنٹس میں شاندار کارکردگی کی وجہ سے انہیں مسٹر آئی سی سی کے خطاب سے مشہور تھے۔ انہوں نے ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں سترہ سینچریاں اور 39 نصف سینچریاں بنائی تھیں۔

شکھر دھون آخری مرتبہ دسمبر 2022 میں بنگلہ دیش کے خلاف ایک روزہ بین الاقوامی سیریز میں بھارت کے لیے کھیلا تھا۔ ××

## WRESTLING

اردن کی راجدھانی عمّان میں جاری 17 سال سے کم عمر کی کشتی عالمی چیمپئن شپ میں بھارتی خواتین نے کُل 8 تمغے حاصل کرنے کے ساتھ ٹیم زمرے میں اب تک کا پہلا خطاب جیت کر اپنا دبدبہ برقرار رکھا۔ بھارتی خواتین نے سونے کے پانچ، چاندی کا ایک اور کانسے کے دو تمغے جیتے۔ انھوں نے 185 پوائنٹس حاصل کیے جبکہ 146 پوائنٹ کے ساتھ جاپان دوسرے نمبر پر رہا۔ اس نے سونے کا ایک، چاندی کے چار اور کانسے کا ایک تمغہ جیتا۔

کاجل سونے کا تمغہ جیتنے والی ملک کی پانچویں پہلوان بن گئی ہیں۔ انھوں نے 69 کلوگرام کے زمرے میں یوکرین کی Oleksandra Rybak کو نو۔دو سے ہراکر یہ تمغہ حاصل کیا۔ البتہ Shrutika Patil کو 46 کلوگرام کے زمرے میں جاپانی پہلوان Yuu Katsume سے ہارنے کے بعد چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ 40 کلوگرام کے زمرے میں راج بالا نے جاپان کی Monaka Umekawa کو گیارہ پانچ سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا جبکہ 53 کلوگرام کے زمرے میں مسکان نے امریکی پہلوان Isabella Gonzales کو ہراکر کانسے کا یک دوسرا تمغہ جیتا۔

البتہ بھارتی مردوں کے فری اسٹائل پہلوانوں نے اپنی ساتھی خواتین پہلوانوں کے مقابلے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ کُل پانچ پہلوانوں نے قسمت آزمائی کی جن میں سے کوئی بھی سیمی فائنل میں نہیں پہنچ سکا۔

## GAZA POLIO

فلسطینی پناہ گزینوں کے لئے اقوام متحدہ کی راحت کے کام کرنے والی ایجنسی UNRWA نے خبردارکیا ہے کہ غزہ میں انسانی امداد دیر ہونے کی صورت میں بچوں میں پولیو کی بیماری پھیل سکتی ہے۔UNRWA کے کمشنرجنرل فلپ Lazzarini نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں زوردے کر کہا کہ غزہ میں ٹیکے پہنچانا اور کولڈ چین کو قائم رکھنا ناکافی ہے۔ 16 اگست کو فلسطین کی وزارت صحت نے خبردی تھی کہ غزہ میں ایک دس مہینے کے بچے میں پولیو کا وائرس

پایا گیا۔ اگلے دن اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گوتریس نے اعلان کیا تھا کہ غزہ میں دس سال سے کم عمر کے چھ لاکھ چالیس ہزار بچوں کو ٹیکہ لگانے کے لئے اگست کے آخر میں دو مرحلوں پر مشتمل ٹیکہ لگانے کی مہم کا آغاز کیا جائے گا۔××

**MAHA SONUWAL SEAFARERS**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانندسونووال نے کہا ہے کہ ان کی وزارت، جہازیوں کی سکیورٹی، حفاظت، بہبود اورترقی کو مستحکم بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔POWAI میں جہاز رانی سے متعلق تربیتی ادارے MTI میں کل سینئیرعہدے داروں اور نوجوان کیڈٹس سے ملاقات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اس سمت میں حکومت کی جانب سے کئے گئے اقدامات اور پہل قدمیوں کو اجاگر کیا۔

جناب سونووال نے کہا کہ ان کی حکومت نے بھارت کو جہازرانی سے متعلق چوٹی کے دس ملکوں میں شامل کرنے کا عہدکررکھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت، بحری تجارت کے سبھی شعبوں میں دوسرے ملکوں سے بہترکارکردگی کا مظاہرہ کررہا ہے، جن میں جہاز سازی، بحری جہازں کی مرمت، بحری جہاز کو

ازسرنو قابل استعمال بنانا، برآمداتی تجارت، ساحلی جہازرانی اور اندرون ملک آبی گزرگاہیں وغیرہ شامل ہیں۔

اس موقع پرجناب سونووال نے MIT پوائی کے نوجوان کیڈٹس کے ساتھ بات چیت کی اور خلاء سے متعلق پہلا قومی دن منایا۔××

☆☆☆☆☆